PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/NSP/2025/2011 تاریخ: 05 دسمبر 2025

محترم اسکول مالکان/لائسینسیز (FAS/EVS/NSP/PSRP)

عنوان: انعامات بابت کھیل اور ہم نصابی سرگرمیاں (Sports & Co-Curricular Activities-2025-26)

کسی بھی قوم کی ترقی کا انحصار صرف تعلیمی قابلیت پر نہیں بلکہ جسمانی اور ذہنی صحت پر بھی ہوتا ہے۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیل اور ہم نصابی سرگرمیاں بچوں کی شخصیت کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ کیونکہ یہ سرگرمیاں طلباء کو کتابی علم کے ساتھ عملی زندگی کے لیے بھی تیار کرتی ہیں۔ اس سلسلے میں پیف ہر سال پیف کے سکولز میں تحصیل، ضلع،، ڈویژنل اور صوبائی سطح پر کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد کرتا ہے طلباء میں کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے پیف بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 98ویں بورڈ میٹنگ میں صوبائی سطح پر حصہ لینے والے طلباء و طالبات اور سکولز مالکان کیلئے درج ذیل انعامات دینے کی اجازت دی ہے۔

الف۔ صوبائی سطح کے مقابلوں میں کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کے لیے ہر کیٹیگری کے طالب علموں کو درج ذیل انعامی رقم دی جائے گی:

نمبر شمار	پوزیشن	انعامی رقم (روپے)
1	اول	100,000/-
2	دوم	75,000/-
3	سوم	50,000/-

ب۔ کھیلوں میں ٹاپ تین سکولز کو درج ذیل انعامی رقم دی جائے گی؛

نمبر شمار	پوزیشن	انعامی رقم (روپے)
1	صوبہ میں مجموعی طور پر پہلی پوزیشن	500,000/-
2	صوبہ میں مجموعی طور پر دوسری پوزیشن	300,000/-
3	صوبہ میں مجموعی طور پر تیسری پوزیشن	200,000/-

ہم نصابی سرگرمیوں میں ٹاپ تین سکولز کو درج ذیل انعامی رقم دی جائے گی:

نمبر شمار	پوزیشن	انعامی رقم (روپے)
1	صوبہ میں مجموعی طور پر پہلی پوزیشن	500,000/-
2	صوبہ میں مجموعی طور پر دوسری پوزیشن	300,000/-
3	صوبہ میں مجموعی طور پر تیسری پوزیشن	200,000/-

ج۔ صوبائی سطح پر حصہ لینے والے تمام طلباء و طالبات کو -/5,000 روپے بطور الاؤنس اور سرٹیفکیٹ دیئے جائیں گے۔

خیر اندیش

ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

CamScanner